”بنی اسرائیل کی رہ نمائی انبیا کرتے تھے جب ایک نبی فوت ہو جاتا تو اس کا جانشین دوسرا نبی بن جاتا مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا البتہ میرے بعد خلفا ہوں گے اور کثرت سے ہوں گے“

ابو حازم سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں: مجھے پانچ سال تک ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی ہم نشینی کا موقع ملا میں نے ان سے سنا ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: ”بنی اسرائیل کی رہ نمائی انبیا کرتے تھے جب ایک نبی فوت ہو جاتا تو اس کا جانشین دوسرا نبی بن جاتا مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا البتہ میرے بعد خلفا ہوں گے اور کثرت سے ہوں گے“ صحابہ کرام نے عرض کیا : اے اللہ کے رسول ہ! آپ ان کے بارے میں ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ”جس سے پہلے بیعت کرو، اس کی بیعت پوری کرو، پھر اس کے بعد والے کی بیعت پروی کرو انہیں ان کا حق ادا کرو کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں جن کا والی بنایا ہے، ان کی بابت وہ خود ان سے پوچھ لے گا“

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ بنی اسرائیل کی قیادت انبیا کرتے تھے انبیا ان کے سارے کام اسی طرح کرتے تھے، جس طرح حکمراں وسلاطین اپنی رعایا کے کام کرتے ہیں جب بھی بنی اسرائیل کے اندر کوئی بگاڑ پیدا ہوتا، اللہ ایک نبی بھیج دیتا، جو اس بگاڑ کو درست کر دیتا لیکن میری امت میں یہ کام کرنے کے لیے میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا میرے بعد خلیفے ہوں، جو بڑی تعداد میں ہوں گے اور ان کے درمیان اختلافات اور جھگڑے بھی رونما ہوں گے چنانچہ صحابہ نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم سے پوچھا: ایسے میں آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ نے جواب دیا: جب ایک خلیفے کے بعد دوسرے خلیفے سے بیعت کر لی جائے، تو پہلے خلیفے کی بیعت صحیح ہے اور اسے نبھانا پڑے گا، جب کہ دوسرے خلیفے کی بیعت باطل ہے اس طرح کی بیعت کروانا حرام ہے دیکھو، خلفا کو ان کا حق دو، ان کی اطاعت کرو اور ان کی جو بات قرآن وحدیث کے خلاف نہ ہو، اسے مانو کیوں کہ وہ جو کچھ تمہارے ساتھ کر رہے ہیں، اس کے بارے میں اللہ ان سے پوچھے گا اور ان سے حساب لے گا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/4936